## سوال

ضعیف حدیث کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ضعیف روایات کی تمام اقسام ناقابل حجت ہیں ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

متقدمین محدثین کے نزدیک ضعیف حدیث کی تمام اقسام ناقابل حجت سمجھی جاتی تھیں جبکہ متاخرین محدثین کے نزدیک حسن لغیرہ چونکہ شواہد ومتابعت کی وجہ سے ضعیف حدیث کو تقویت دیتے ہوئے قابل حجت سمجھی جاتی ہے قابل حجت ہے۔ اب علمی دنیا میں دو گروہ پائے جاتے ہیں۔ 1۔ حسن لغیرہ کے حجت ہونے کے قائلین 2۔ مانعین۔ قائلین کے نزدیک ضعیف حدیث وہ صورت جو متابع بننے کے قابل ہے، قابل حجت ہے جبکہ مانعین کے نزدیک ہر طرح کی ضعیف حدیث ناقابل حجت ہوگی۔ واللہ اعلم۔

وباللہ التوفیق

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث